© rasailojaraid.com

وحکایات کا دلچسپ مجموعہ ہے۔

......☆☆☆......

**اسلامی عبادات**۔۔تالیف: مولانا مفتی محمد طارق صاحب، صفحات: ۳۸۲، قیمت: ۲۰۰ روپے، ناشر: مکتبہ الریحان، سیکٹر F-10/3، اسٹریٹ 7A، ہاؤس نمبر 4، اسلام آباد۔

''اسلامی عبادات'' مفتی محمد طارق صاحب کی تالیف ہے، مفتی صاحب جامعہ فریدیہ اسلام آباد کے جید استاذ اور مفتی ہیں، اس کتاب میں نماز، روزہ، حج اور زکوٰۃ کے اہم مسائل ومتعلقات کو بیان کیا گیا ہے۔ اس موضوع پر دینی لٹریچر میں قابل قدر ذخیرہ موجود ہے۔ اس کتاب کا امتیاز یہ ہے کہ اس میں جدید دور کے اہم مسائل بھی بیان کیے گئے ہیں جو تمدن کی وجہ سے پیدا ہوئے۔ اندازِ بیان عصرِ حاضر کے تقاضوں کے مطابق سلیس اور عام فہم ہے۔ ہر مسئلہ کے ساتھ قرآن وسنت یا فقہ کی کسی معتبر کتاب کا حوالہ موجود ہے۔ اہل اسلام سے اس کو زیر مطالعہ رکھنے کی سفارش کی جاتی ہے تاکہ مسائل مستحضر رہیں۔ کاغذ، کمپوزنگ، طباعت بہتر ہے۔

......☆☆☆......

**انوارِ خطابت**۔۔از: پروفیسر مولانا ہارون الرشید، صفحات: ۲۲۴، قیمت: ۱۲۰ روپے، ناشر: مکتبہ جمال۔ حسن مارکیٹ اردو بازار لاہور۔

پروفیسر مولانا ہارون الرشید صاحب نے اپنے خطبات کو نہ صرف محنت سے جمع فرمایا ہے بلکہ خطیب کی شخصیت اور اس کی صفات کی طرف بھی اشارہ کیا ہے۔ کتاب میں شامل تمام خطبات عالمانہ شان کے ساتھ مؤثر و دلکش پیرائے کے حامل ہیں۔ نوجوان خطباء اور عوام کے لیے اس کا مطالعہ ان شاء اللہ مفید ہوگا۔

......☆☆☆......

**قہرِ خداوندی بر گستاخانِ اصحاب نبیؐ**۔۔تالیف: مولانا قاضی محمد اسرائیل صاحب، صفحات: ۲۱۹، قیمت: درج نہیں، ناشر: مکتبہ انوار مدینہ جامع مسجد صدیق اکبرؓ محلہ صدیق آباد (اپر چنئی) مانسہرہ۔

حضرات صحابہ کرامؓ واہل بیت عظامؓ کی محبت وعقیدت اور انھیں معیارِ حق سمجھنا اہل السنت والجماعۃ کی پہچان ہے۔ اس قدسی صفات جماعت کی توہین وتنقیص کرنے والا عند اللہ مبغوض ومردود ہے۔ مذکورہ بالا کتاب میں حضراتِ صحابہ کرامؓ واہل بیتؓ کی شان میں گستاخی ودریدہ دہنی کرنے والوں کے انجام بد کا تذکرہ تاریخی حوالوں سے کیا گیا ہے۔

☆☆☆



© rasailojaraid.com